اسکول کے ضوابط

آپ پر لازم ہے کہ:

- سبق شروع ہوتے وقت کلاس روم میں موجود ہوں
- جب آپ حاضر نہ ہو سکیں تو اسکول کو اطلاع دیں
- کتابیں، کمپیوٹر اور دیگر ضروری اشیاء ہمراہ لائیں
- اسباق میں فعال حصہ لیں
- اپنے بعد صفائی کا خیال رکھیں
- دوسروں کا احترام کریں، انٹرنیٹ پر بھی
- اساتذہ اور اسکول کے دیگر عملے کی ہدایات پر عمل کریں

آپ کو اس کی اجازت نہیں:

- اسکول کی اشیاء کو نقصان پہنچانا
- دوسروں کو ہراساں کرنا یا انہیں الگ تھلگ کرنا
- تشدد کرنا یا دوسروں کو دھمکیاں دینا
- نازیبا زبان استعمال کرنا
- دھوکہ دہی کرنا
- دوسروں کی رضامندی کے بغیر ان کی تصاویر یا ویڈیو بنانا یا استعمال کرنا
- تمباکو، منشیات یا شراب استعمال کرنا، خریدنا، بیچنا یا ہمراہ لانا
- خطرناک اشیاء یا ہتھیار ہمراہ لانا
- ایسا لباس پہننا جو چہرے کو ڈھانپے

اگر آپ قواعد کی پابندی نہیں کرتے تو اسکول:

- آپ کو انضباطی نوٹ دے سکتا ہے
- آپ کو تحریری انتباہ دے سکتا ہے
- آپ کے والدین کو اطلاع بھیج سکتا ہے
- آپ کو اسکول کے اوقات سے پہلے یا بعد میں کام دے سکتا ہے
- نظم و ضبط یا رویے میں آپ کو کم درجہ دے سکتا ہے
- آپ کو گھر بھیج سکتا ہے
- آپ کو کسی دوسرے اسکول میں منتقل کر سکتا ہے